سوال

(129) کنز العمال کی حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مولوی صاحب سے بیان میں سنا کی ایک اعرابی نے کہا میں تمام لوگوں سے امیر بننا چاہتا ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یہ کرو امیر بن جاؤ گے اعرابی نے کہا میں تمام لوگوں سے متقی بننا چاہتا ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یہ کرو تو متقی بن جاؤ گے وغیرہ۔ بہت سی چیزوں کے بن جانے کے بارے پوچھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم جواب دیتے رہے اور کنز العمال کا حوالہ دیا ہے، اس حدیث کے بارے میں معلوم کرنا ہے کہ آیا یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف اور اس کی تخریج بتا کر جزائے خیر حاصل کریں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس معنی کی کوئی بھی حدیث کنز العمال میں مجھے نہیں ملی، آپ بیان کرنے والے سے اس حدیث کا حوالہ طلب کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم